© rasailojaraid.com


# مطبُوعات

**عقیدۂ اعجاز قرآن کی تاریخ** تالیف ڈاکٹر عبدالحلیم صاحب پی ایچ ڈی (برلن) مکتبۂ جامعۂ ملیہ اسلامیہ دہلی۔ قیمت ۸ر۔

یہ اُس مقالے کا ترجمہ ہے جس پر فاضل مؤلف کو برلن یونیورسٹی سے ڈاکٹر کی سند ملی ہے۔ قرآن مجید کے متعلق معجزہ ہونے کا اعتقاد کن آیات سے پیدا ہوا ہے، کس طرح اس عقیدے کا نشوونما ہوا، کس کس دور میں کن کن لوگوں نے اس پر ضمناً یا مستقلاً بحث کی اور کن کن وجوہ و دلائل سے قرآن کو معجزہ قرار دیا، یہ مسائل ہیں جن پر ڈاکٹر صاحب نے نہایت مختصر مگر محققانہ بحث کی ہے۔ تحقیق قابل داد ہے، مگر اختصار اتنا ہے کہ اکثر مباحث تشنہ رہ گئے ہیں۔ انداز بیان اس درجہ "معروضی" ہے کہ کسی جگہ یہ ظاہر ہی نہیں ہوتا کہ مؤلف خود بھی کسی مسئلہ میں کوئی رائے رکھتا ہے یا نہیں۔ "معروضیت" کی حد یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے محمد اور رسول کے الفاظ لکھے ہیں جن پر غالباً کاتب نے کہیں کہیں صلعم بنا دیا ہے۔ صحابۂ کرام کے حصہ میں علامت رضوان بھی نہ آئی۔ انہیں صرف ابو علیؓ، عبداللہ بن زبیر وغیرہ لکھا گیا ہے۔ علمی تحقیق میں شخصی جذبات اور ذاتی رجحانات، اور ہر قسم کے تعصبات سے بالاتر رہنا ضروری ہے۔ مگر ایسی "معروضیت" جو "موضوعیت" سے سراسر ناآشنا ہو صرف فوٹو کے کیمرے اور ریکارڈنگ مشین ہی میں ہو سکتی ہے کہ لہ عین لا یبصر بھا و لہ اذن لا یسمع بھا وما لاحد منھما بقلب۔ جامعۂ ملیہ اسلامیہ میں اس "معروضیت" کا محل ہم نہیں سمجھ سکے۔ اس کو تو کسی سائنٹفک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں ہونا چاہیے تھا۔ ا۔ م

**آخری نبی** تالیف الیاس احمد صاحب مجیبی۔ مکتبۂ جامعہ۔ دہلی۔ قیمت ڈھائی آنہ۔

اس چھوٹے سے رسالہ میں مؤلف نے بہت چھوٹے بچوں کے لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

© rasailojaraid.com